بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۴/۲۰۱۸ مورخہ۱۵/اکتوبر ۲۰۱۸

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = **قرارداد نمبر ۶ منجانب محترمہ بشری رند۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۴/اکتوبر ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۶ منجانب محترمہ بشری رند، رکن اسمبلی برائے اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے۔ نیز قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲)۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قرارداد۔

ہرگاہ کہ کوئٹہ سے اسلام آباد، کراچی اور لاہور کے درمیان چلنے والی پی آئی اے اور دیگر ائیر لائینز کے کرائے ملک کے دیگر شہروں خاص کر کراچی سے لاہور اور اسلام آباد کی بنسبت بہت زیادہ ہیں۔ جبکہ کراچی سے لاہور اور اسلام آباد کے درمیان فاصلہ اور دورانیہ زیادہ ہونے کے باوجود ان سیکٹر کے کرائے بہت کم ہیں اس امتیازی سلوک اور ناانصافی پر صوبہ بلوچستان کے عوام میں احساس محرومی پایا جانا ایک فطری عمل ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ کوئٹہ سے اسلام آباد، کراچی اور لاہور کے درمیان چلنے والی پی آئی اے اور دیگر ائیر لائینز کے کرائے فوری طور پر کم کرانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے تاکہ صوبہ کے عوام میں پائی جانیوالی احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت محترمہ بشری رند رکن اسمبلی/محرکہ قرارداد۔
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) ڈی۔جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) چیرمین پی آئی اے ہیڈ آفس کراچی جکومت پاکستان۔
۷) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) جنرل منیجر پی ئی اے، بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

(قادر بخش شاھوانی)

نائب معتمد، (سوالات)